SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.V OF 1994

سیوہن ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۹۳

THE SEHWAN DEVELOPMENT AUTHORITY ACT, 1993

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ اتھارٹی اور اس کی تشکیل
Authority and its incorporation
۴۔ اتھارٹی کی بناوٹ
Constitution of Authority
۵۔ ڈائریکٹر جنرل کی مقرری اور اس کی ذمیداریاں
Appointment and duties of the Director General
۶۔ عملدار اور اتھارٹی کا دوسرا اسٹاف
Officers and other staff of the Authority
۷۔ اتھارٹی کے کام
Functions of the Authority
۸۔ اتھارٹی کی میٹنگ
Meeting of the Authority
۹۔ کمیٹیوں کی تشکیل
Constitution of Committees

۱۰۔ اختیارات کی منتقلی
Delegation of powers
۱۱۔ ماسٹر پروگرام
Master programs
۱۲۔ اسکیمیں
Schemes
۱۳۔ غیر منظم آبادی کی روک تھام
Prevention of haphazard growth
۱۴۔ عمارت کی تعمیر اور دوبارہ تعمیر
Erection or re-erection of building
۱۵۔ اسکیم کے لیئے فنڈ
Funds for scheme
۱۶۔ جائیداد خریدنا، لیز یا ادلا بدلی
Purchase lease or exchange of property
۱۷۔ زمین کی حاصلات
Acquisition of land
۱۸۔ اتھارٹی کا فنڈ
Fund of the Authority
۱۹۔ بجٹ
Budget
۲۰۔ اکاؤنٹس کا حساب کتاب رکھنا
Maintenance of Accounts
۲۱۔ سرکاری ایجنسی کو پانی کی فراہمی
Supply of water to Government agency
۲۲۔ کارکردگی رپورٹ
Report of Activities
۲۳۔ لوکل کاؤنسل کے اثاثوں، وسائل اور اختیارات کی اتھارٹی کی طرف منتقلی
Transfer of assets and liabilities and power of local council to the Authority
۲۴۔ بقایاجات کی بازیابی

Recovery of dues
۲۵۔ عدالتی کارروائی پر پابندی
Jurisdiction barred
۲۶۔ ضمانت
Indemnity
۲۷۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules
۲۸۔ ضوابط بنانے کا اختیار
Power to make regulations
۲۹۔ ۱۹۹۳ کے سندھ آرڈیننس نمبر XIX کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance No.XIX of 1993

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.V OF 1994

سیوہن ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۹۳

THE SEHWAN DEVELOPMENT AUTHORITY ACT, 1993

[۲۰ فروری ۱۹۹۴]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے تعلقہ سیوہن اور دادہ ضلع کی دوسرے علاقوں کی ترقی، بہتری اور خوبصورتی کے لیئے گنجائشیں نکالی جائیں گی اور ایسے مقصد کے لیئے اتھارٹی قائم کی جائے گی۔

جیسا کہ تعلقہ سیوہن اور دادہ ضلع کی دوسرے علاقوں کی ترقی، بہتری اور خوبصورتی کے لیئے گنجائشیں نکالنا اور ایسے مقصد کے لیئے اتھارٹی کا قیام مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

باب -I

شروعاتی

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس یکٹ کو سیوہن ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۹۳ کہا جائے گا۔

(۲) اس کی تعلقہ سیوہن اور دادو ضلع کے ایسے دوسرے علاقوں جیسے حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے وقت فوقتن واضح کرے، ان تک توثیق کی جائے گی۔

(۳)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "اتھارٹی" مطلب اس ایکٹ کی دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ سیوہن ڈولپمنٹ اتھارٹی؛
(b) "چیئرمین" مطلب اتھارٹی کا چیئرمین؛
(c) "حکومت" مطلب سندھ حکومت؛
(d) "ڈائریکٹر جنرل" مطلب اتھارٹی کا ڈائریکٹر جنرل؛
(e) "میمبر" مطلب اتھارٹی کا میمبر؛
(f) "بیان کردہ" مطلب اس ایکٹ کے تحت قواعد اور ضوابط کے تحت بیان کردہ۔

باب -II
اتھارٹی کی تشکیل اور اس کے کام

اتھارٹی اور اس کی تشکیل
Authority and its incorporation

۳۔ اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے یہاں ایک اتھارٹی ہوگی، جس کو سیوہن ڈولپمنٹ اتھارٹی کہا جائے گا۔

(۲) اتھارٹی باڈی کارپوریٹ ہوگی، جس کو منقولہ اور غیر منقولہ دونوں اقسام کی جائیداد حاصے کرنے کے لیئے حقیقی وارثی اور عام مہر ہوگی، مذکورہ نام سے کیس کر سکتی ہے اور اس پر کیس ہو سکتا ہے۔

اتھارٹی کی بناوٹ
Constitution of Authority

(۳) اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹرز سیوہن میں ہوں گے یا ایسے جگہ جہاں حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے طے کرے۔

۴۔ (۱) اتھارٹی مشتمل ہوگی:

(a) پلاننگ اینڈ ڈولپمنٹ کا وزیر یا کوئی دوسرا جو وزیراعلیٰ نامزد کرے--- چیئرمین
(b) حیدرآباد ڈویزن کا کمشنر---- میمبر
(c) ڈائریکٹر جنرل---- میمبر
(d) ایسے دیگر غیر سرکاری میمبر جو تین سے زائد نہ ہوں اور سرکاری میمبر جیسے حکومت مقرر کرے۔

ڈائریکٹر جنرل کی مقرری اور اس کی ذمیداریاں
Appointment and duties of the Director General

(۲) ایک غیر سرکاری میمبر تین سال تک عہدہ رکھ سکے گا، جب تک وہ استعیفیٰ نہ دے یا پہلے اس کو ہٹایا نہ جائے: بشرطیکہ وہ غیر سرکاری میمبر تب تک نہیں ہٹایا جائے گا جب تک اس کو صفائی پیش کرنے کا موقعہ نہ دیا جائے۔
(۳)کوئی شخص جو غیر سرکاری میمبر کے عہدے پر عارضی آسامی کی صورت میں مقرر کیا جائے گا، وہ ایسی آسامی پر بقایا مدت کے لیئے ہوگا۔

عملدار اور اتھارٹی کا دوسرا اسٹاف
Officers and other staff of the Authority

۵۔ (۱) ڈائریکٹر جنرل حکومت کی طرف سے ایسی شرائط اور ضوابط پر مقرر کیا جائے گا، جیسے حکومت طے کرے۔
(۲)ڈائریکٹر جنرل اتھارٹی کا چیف ایگزیکٹو ہوگا، اور ایسے ذمیداریاں نبھائے گا اور ایسے اختیار استعمال کرے گا جو اتھارٹی کی طرف سے اس کو سپرد کیئے جائیں گے۔
(۳)جہاں کسی سبب کی وجہ سے ڈائریکٹر جنرل اپنی آفیس سے غیر حاضر ہے یا اپنی آفیس کی ذمیداریاں نہیں نبھا سکتا، تو حکومت کسی بھی سرکاری میمبر کو ڈائریکٹر جنرل کی ذمیداریاں سنبھالنے کے لیئے نامزد کر سکتی ہے۔

اتھارٹی کے کام
Functions of the Authority

٦۔ کارکردگی کی بہتری کے لیئے اتھارٹی ایسے عملدار، ماہر، کنسلٹنٹ اور ملازم مقرر کر سکتی ہے، جیسے شرائط اور ضوابط میں بیان کیا گیا ہو۔

۷۔ حکومت کی عام اور خاص ہدایات کے تحت اتھارٹی:

(i) دائرہ اختیار میں آنے والے سارے علاقوں کی ترقی، بہتری اور خوبصورتی کی ذمیدار ہوگی؛

(ii) اسکیمیں بنائے گی، ان پر عملدرآمد کرے گی اور نافذ کرے گی؛

(iii) واٹر سپلائی، ڈرینیج، سیوریج اور کچرہ نکالنے کے حوالے سے کاموں کے لیئے فراہم کرنا، بہتر بنانا، چلانا اور بحال رکھا؛

(iv) ایسے اقدام اٹھانا اور ایسے اختیار استعمال کرنا جو اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ضروری ہوں؛

(v) ایسے دیگر اقدام اٹھانا جو حکومت کی طرف سے اسے دیئے گئے ہوں۔

۸۔ اتھارٹی ایسی جگہ اور وقت پر اور اس طریقے سے میٹنگ کرے گی اور طریقیکار کے ایسے قواعد کا مشاہدہ کرے گی جیسے بیان کیا گیا ہو، بشرطیکہ جب تک طریقہ یا طریقیکار طے نہیں کیا گیا ہو میٹنگ اس طرح ہوگی جیسے چیئرمین کی طرف سے ہداہت کی گئی ہو۔

۹۔ اتھارٹی اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے کمیٹیاں تشکیل دے سکتی ہے، جیسا کہ فنانشل کمیٹی، ٹیکنیکل کمیٹی یا ایڈوائیزری کمیٹی۔

۱۰۔ اتھارٹی عام یا خاص حکم کے ذریعے اپنے کوئی بھی اختیارات، کام کاج یا ذمیداریاں چیئرمین، ڈائریکٹر جنرل یا کسی سرکاری میمبر کی طرف منتقل کر سکتی ہے۔

باب -III

ماسٹر پروگرام اور اسکیمیں

۱۱۔ اتھارٹی جتنا جلدی ہو سکے ترقی، بہتری،

اتھارٹی کی میٹنگ
Meeting of the Authority

کمیٹیوں کی تشکیل
Constitution of Committees

اختیارات کی منتقلی
Delegation of powers

ماسٹر پروگرام
Master programs

اسکیمیں
Schemes

غیر منظم آبادی کی روک تھام
Prevention of haphazard growth

عمارت کی تعمیر اور دوبارہ تعمیر
Erection or re-erection of

building

توسیع اور خوبصورتی کا ماسٹر اسکین بنائے گی، ایسے علاقوں میں جن میں ترقی، بہتری، توسیع اور خوبصورتی کی ضرورت ہو اور ایسا پروگرام حکومت کی طرف منظوری کے لیئے بھیج ے گی ۔

اسکیم کے لیئے فنڈ
Funds for scheme

۱۲۔ (۱)اتھارٹی مخصوص اسکیم یا اسکیمیں اس کے دائرہ اختیار کے علاقے یا حصے میں تشکیل دے گی، اس طرح اور اس طریقے سے جیسے بیان کیا گیا ہو۔

جائیداد خریدنا، لیز یا ادلا بدلی
Purchase lease or exchange of property

(۲)اتھارٹی کی طرف سے تیار کردہ ساری اسکیمیں منظوری کے لیئے حکومت کی طرف بھیجی جائیں گی، علاوہ ان اسکیموں کے، جن کی پروویزنل تخمینہ لگائی گئی رقم ایسی حد سے زائد نہ ہو، جو بیان کردہ ہو یا جس کے لیئے حکومت سے قرض یا گرانٹ لینے کی ضرورت نہ ہو۔

زمین کی حاصلات
Acquisition of land

۱۳۔ (۱) اتھارٹی نوٹیفکیشن کے ذریعے ایسی ہدایات جاری کر سکتی ہے یا ایسا کام کر سکتی ہے، جو غیر منظم آبادی، حددخلیوں، غیر قانونی تعمیرات یا اس کے دائرہ اختیاری کے کسے علاقے میں آپریشنز کے لیئے ضروری ہوں۔

(۲)حددخلی وقتی طور پر موجود متعلقہ قانون کے تحت ہٹائی جائے گی۔

اتھارٹی کا فنڈ
Fund of the Authority

۱۴۔ (۱) کوئی شخص کوئی عمارت تعمیر یا دوبارہ تعمیر نہیں کرے گا، کسی موجود عمارت کے ساتھ اضافی سامان نہیں ملا سکے گا یا اس کے جاری کسی حصہ کی تعیمر یا دوبارہ تعمیر نہیں کر سکتا، جب تک اتھارٹی سے اجازت نہ لی ہے، جو ایسے طریقے اور ایسی شرائط پر دی جائے گی جیسے بیان کیا گیا ہو۔

بجٹ
Budget

(۲)جہاں کوئی شخص ذیلی دفعہ (۱) کی گنجائشوں کی خلاف ورزی کرتا ہے، اتھارٹی ایسے اقدام لے سکتی ہے، جو ان گنجائشوں کے نافذ کرنے کے لیئے ضروری ہوں۔

اکاؤنٹس کا حساب

کتاب رکھنا
Maintenance of Accounts

۱۵۔ (۱) اتھارٹی حکومت سے پیشگی اجازت سے اسکیمیں اور کام جاری رکھنے کے لیئے ایسے ریٹ، فیس یا دیگر چارجز لگا کر وقت بوقت فنڈ جمع کر سکتی ہے۔

سرکاری ایجنسی کو پانی کی فراہمی
Supply of water to Government agency

(۲)ریٹ، فیس یا دیگر چارجز ایسے طریقے سے لگائے اور جمع کیئے جائیں گے، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

باب -IV
جائیداد کی حاصلات

کارکردگی رپورٹ
Report of Activities

۱۶۔ اتھارٹی دوسری کوئی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد یا دلچسپی متعلقہ پارٹی سے معاہدے میں داخل ہو کر خرید کر سکتی ہے ، لیز پر لے سکتی ہے یا ادلا بدلی کر سکتی ہے۔

لوکل کاؤنسل کے اثاثوں، وسائل اور اختیارات کی اتھارٹی کی طرف منتقلی
Transfer of assets and liabilities and power of local council to the Authority

۱۷۔ جہاں اتھارٹی اس خیال کی ہے کہ کسی اسکیم یا دوسری عوامی جگہ کے لیئے مطلوبہ زمین دفعہ ۱۶ کے تحت حاصل نہیں کی جا سکتی، ایسی زمین حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۷۶ کے تحت حاصل کی جائے گی۔

باب -V
مالیات

بقایاجات کی بازیابی
Recovery of dues

۱۸۔ (۱) یہاں ایک الگ فنڈ ہوگا، جس کو سیوہن ڈولپمنٹ اتھارٹی فنڈ کہا جائے گا، جو اتھارٹی کا اثاثہ ہوگا۔

(۲)فنڈ مشتمل ہوگا:

(a) حکومت یا لوکل کاؤنسلز کی طرف سے گرانٹس؛
(b) منقولہ یا غیر منقولہ جائیدادوں کی فروخت؛
(c) اس ایکٹ کے تحت حاصل کردہ ساری فیس، رسیدیں اور چارجز؛
(d) وصولی لائق دیگر ساری رقمیں اور اتھارٹی کی طرف سے لیا گیا قرض۔

عدالتی کارروائی پر پابندی
Jurisdiction barred

ضمانت
Indemnity

۱۹۔ سارے مالی سال کے حاصلات اور خرچوں کے تخمینے کا اسٹیٹمنٹ تیار کیا جائے گا اور منظوری کے لیئے حکومت کو بھیجا جائے گا، ایسے طریقے سے جیسے بیان کیا گیا ہو۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۲۰۔ (۱) اتھارٹی کے اکاؤنٹس اس طرح اور ایسے طریقے سے رکھے جائیں گے، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

ضوابط بنانے کا اختیار
Power to make regulations

(۲)اکاؤنٹس ذیلی اس ایکٹ کے دفعہ (۱) کے تحت رکھے جائیں گے اور اکاؤنٹنٹ جنرل کی طرف سے آڈٹ کیئے جائیں گے۔

باب -VI

واٹر سپلائی

۲۱۔ اتھارٹی پینے لائق پانی کی فراہمی اور تقسیم کی ذمیدار ہوگی، ایسے ریٹ پر اور ایسی شرائط اور ضوابط پر جیسے بیان کیا گیا ہو۔

باب -VII

متفرقات

۱۹۹۳ کے سندھ آرڈیننس نمبر XIX کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance No.XIX of 1993

۲۲۔ اتھارٹی ہر مالی سال ختم ہونے پر اس مالی سال کی کارکردگی کے حوالے سے رپورٹ تیار کرے گی اور ایسے رپورٹ حکومت کو بھیجے گی۔

۲۳۔ اس ایکٹ کے عمل میں آنے سے لوکل کاؤنسل، لوکل اتھارٹی یا باڈی کے اسکیم بنانے اور اس پر عمل کرنے کے سلسلے میں سارے اختیار ات اور دیگر کام یا اس کے دائرہ اختیار میں آنے والے علاقے میں واٹر سپلائی، سیوریج اورڈ رینیج کی فراہمی، چلانے اور سنبھالنے کے سلسلے میں اتھارٹی کی طرف سے کیئے جائیں گے۔

۲۴۔ اتھارٹی کی طرف کوئی واجب الادا رقم یا اتھارٹی کی طرف سے غلط طریقے سے ادا کردہ اس ایکٹ کے تحت لینڈ روینیو کی بقایاجات کی طور پر واپسی لائق ہوگی۔

۲۵۔ کسی بھی عدالت کو اس ایکٹ کے تحت کردہ کسی کام یا طے کردہ کسی کام پر کوئی کارروائی کرنے یا کوئی حکم جاری کرنے یا کسی کارروائی کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔

۲۶۔ کوئی بھی کارروائی حکومت، اتھارٹی یا کسی دوسرے شخص کے خلاف اس ایکٹ کے تحت کردہ کسی کام یا طے کردہ کسی کام کے سلسلے میں نہیں کی جائے گی۔

۲۷۔ حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

۲۸۔ (۱) اس ایکٹ اور قواعد کی گنجائشوں کے تحت، اتھارٹی اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ضوابط بنا سکتی ہے۔

(۲)خاص طور پر اور مندرجہ بالا اختیارات سے تکرار کے علاوہ، ایسے ضوابط فراہم کریں گے:

(i) میٹنگس اور ایسی میٹنگس کا کنڈکٹ آف بزنس؛

(ii) اتھارٹی کے عملداروں اور اسٹاف کی ملازمت کے شرائط و ضوابط۔

۲۹۔ سیوہن ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۹۳ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔